Mathematics - 10th Class Mathematics Urdu Medium Chapter 6 Preparation

Q1. جماعتی حدود اور حقیقی جماعتی حدود کی تعریف کریں.

Ans 1: جماعتی حدود : (کسی گروہ یا جماعت کےلیے کم ترین اور زیادہ ترین قیمتوں کو جماعتی حدود کہا جاتا ہے.)

Ans 2: حقیقی جماعتی حدود: کسی جماعت گروہ حقیقی زیریں ، جماعتی حد اور حقیقی بالائی جماعتی حد کو حقیقی جماعتی حدود کہا جاتا ہے.

Q2. تغیریت کی تعریف کریں.

Ans 1: تغیریت وہ قیمت ہے جو کسی مواد میں انحرافات کے مربعوں کو جو کہ حسابی اوسط سے لیے گئے ہوں ان کے مجموعہ کو ان کی مدات کی تعداد سے تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے.

Q3. عادہ اور سعت کی تعریف کریں.

Ans 1: عادہ : عادہ کسی مواد میں سب سے زیادہ مرتبہ آنے والی مد کو کہتے ہیں.

Ans 2: سعت: سعت سے مراد مواد کی انتہائی قیمتوں کے مابین فرق ہے.

Q4. حسابی اوسط کی تعریف کریں اور اس کی کوئی ایک خوبی لکھیں.

Ans 1: حسابی اوسط: حسابی اوسط وہ قیمت ہے جو تمام مدات کے مجموعہ کو ہدایات کی تعداد سے تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے. خوبی: مرکز کی تبدیلی حسابی اوسط پر اثر انداز ہوتی ہے.

Q5. تعددی تقسیم کی تعریف کریں.

Ans 1: تعددی تقسیم کسی مواد کی ایسی جدولی ترتیب ہے جس میں مواد کو مختلف گروہوں میں تقسیم کردیا جاتا ہے.

Q6.

Ans 1:

Q7.

Ans 1:

Q8. حسابی اوسط کی دو خوبیاں تحریر کریں.

Ans 1: 1. متغیر X کا اس کے حسابی اوسط سے انحراف کا مرکز کی تبدیلی اوسط پر اثراند ہوتی ہے۔ 2. سکیل کی تبدیلی بھی حسابی اوسط پر اثر انداز ہوتی ہے ۔ 3. مجموعہ ہمیشہ صفر ہوتا ہے.

Q9. حرکتی اوسط کی تعریف کریں.

Ans 1: حرکتی اوسط کہلاتی ہے مسلسل اوسط جو کہ ایک ہی وقت میں مہینوں یا سالوں کے تسلسل کے لئے معلوم کی جاسکتی ہے.

Q10. وسطانیہ کی تعریف کریں.

Ans 1: جب مواد کسی ترتیب یعنی بڑھتی یا گھٹتی ہوئی صورت میں ہوتو وسطانیہ وہ قدر ہے جو اس پورے مواد کو دو برابر حصوں میں تقسیم کردے ۔ یعنی مواد کا پچاس فیصد حصہ وسطانی قدر سے پہلے اور پچاس فیصد وسطانی قدر کے بعد ہوتا ہے.
